جہاں تک بیرونی ممالک کے قرضوں کے بوجھ کا تعلق ہے وہ دوگنا بلکہ اس سے بھی زیادہ ہوجائے گا۔ تاہم کنسورشیم ممالک نے قرضوں کی ادائیگی میں میعاد کی توسیع کی تجویز مان لی ہے اس لئے ان قرضوں کی ادائیگی کا کوئی فوری بوجھ ہمارے سر نہیں ہے۔ تاہم اگر ہماری معیشت متحرک ہوگئی اور پھر پیداوار میں اضافہ کے ساتھ ساتھ برآمدات میں بھی اضافہ ہوگیا تو پھر حکومت کی محاصل کی مد میں آمدنی بھی بڑھ جائے گی اور اسے غیر ملکی قرضوں کی ادائیگی میں دشواری پیش نہیں آئے گی حکومت کی کسٹم ڈیوٹیوں کی مد میں آمدنی تو یقیناً بڑھے گی کیونکہ جب درآمد زیادہ ہوگی اور روپے کی قیمت میں کمی کی وجہ سے درآمد شدہ مال مہنگا ہوگا اور جب مالیت زیادہ ہوگی تو اس پر کسٹم ڈیوٹی بھی زیادہ ہوگی۔ ہمارے خیال میں تو اگر مصنوعات کی پیداواری لاگت گھٹائی جانی ہے تو حکومت کو کسٹم ڈیوٹیوں میں تخفیف کرنی ہوگی، ورنہ اگر روپے کی قیمت میں کمی کے ساتھ ساتھ کسٹم ڈیوٹیوں کی موجودہ شرحیں برقرار رکھی گئیں تو درآمدی مال بہت مہنگا ہوگا اور پھر افراط زر کا راستہ کھول دے گا۔

آخر میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ روپے کی قیمت میں کمی اور ساتھ ہی بونس اسکیم کا خاتمہ ایک اچھا فیصلہ ہے لیکن اسے مزید بہتر صرف اس طرح بنایا جاسکتا ہے کہ درآمد اور برآمد کی مناسب پالیسیاں بھی مرتب کی جائیں۔ سب سے زیادہ ضروری اور اہم بات یہ ہے کہ صنعتی ڈھانچہ کی ہمت افزائی کی جائے۔ سماجی بنیاد پر اس کی حوصلہ شکنی نہیں ہونی چاہیئے اور سب سے زیادہ ضروری بات یہ ہے کہ حکومت ملک میں صنعتی امن کو یقینی بنائے جہاں تک عام آدمی کا تعلق ہے خواہ کوئی بھی حکومت ہو اسے تو ہمیشہ پہلے کے مقابلہ میں اشیاء کی زیادہ قیمت ہی ادا کرنی پڑے گی۔ البتہ اگر لازمی ضرورت کی اشیاء منصوبہ بندی کی حکمت عملی کے تحت زیادہ مقدار میں تیار اور پیدا کی جائیں تب ہی قیمتوں میں اضافہ کے رجحان کو روکا جاسکتا ہے اور عام آدمی کو فائدہ پہنچ سکتا ہے۔

آغا ایم [illegible]
[illegible] کراچی

مختصرات

ٹرانٹو، ۱۴ر جون ۷۲ء کو پاکستان کینیڈا کلچرل ایسوسی ایشن کے تحت سات ڈائریکٹروں کے عہدہ کے لیئے انتخاب ہوا، جس میں پاکستان کے ۱۵۶ تارکین وطن نے حصہ لیا،

مندرجہ ذیل حضرات ڈائرکٹر منتخب ہوئے،

۱۔ یعقوب اشرف،	ووٹ	۱۰۸
۲۔ عثمان غنی	"	۱۰۰
۳۔ صوفی قمر حسن	"	۸۹
۴۔ صبیح الدین	"	۸۳
۵۔ غلام حیدر خان	"	۸۰
۶۔ اے، ایچ، صدیقی	"	۷۴
۷۔ اسلم خان	"	۷۱

ادارہ ان حضرات کی خدمت میں مبارکباد پیش کرتا ہے،

ٹرانٹو، فرنذیر اپریل ۷۲ء ٹرانٹو میں پہلے پاکستانی تارک وطن ہیں جو مقامی پولیس فورس میں افسر مقرر کیے گئے ہیں، اس سال ان کو نمایاں خدمات کے صلہ میں سند خدمت بھی دی گئی،

نذیر صاحب جنوری ۷۰ء میں مقامی پولیس میں بھرتی ہوئے اور اپنی خداداد صلاحیت اور محنت کی وجہ سے اپنے ہمراہیوں اور افسروں کے درمیان سراہے جاتے رہے ہیں،

اوٹوا، پاکستان کے سفیر جناب جمشید مارکر جون ۷۲ء کے دوسرے ہفتہ میں ٹرانٹو کا دورہ کررہے ہیں، یہ دورہ بہتر تر عوامی رابطہ کے سلسلہ کی ایک کڑی ہے، اس سلسلہ میں تمام مقامی پاکستانی انجمنوں سے رابطہ قائم کیا جاچکا ہے،

آسامی خالی ہے

ایک کیمیکل فیکٹری میں ٹیکنیشن کی ایک آسامی خالی ہے، ضرورت مند حضرات ۲۸۲-۹۲۸۹ پر چھ بجے شام کے بعد رابطہ قائم کریں،

آپ خواتین کا جو حصہ اپنے اخبار کے لئے وقف کر رہے ہیں وہ ان معنوں میں میرے لئے بڑی ہی خوشی اور فخر کا باعث ہے کہ بہرحال میں بھی ایک عورت ہوں اور آپ لوگوں نے عورت کو جو اہمیت دی ہے وہ اس بات کا احساس دلاتی ہے کہ زندگی کے ہر شعبہ میں وہ بھی برابر کا حق رکھتی ہے ـــ اور وہاں اپنی ذمہ داری اور اہمیت کا احساس جو پکڑ لے وہاں کامیابی قدم ضرور چومتی ہے ـــ

نیک تمناؤں اور بہترین خواہشات کے ساتھ ـ

واجدہ سلیم

غزل

جذبۂ غم کی پلکوں پہ تارا نہیں
راکھ کے ڈھیر میں اب شرارا نہیں

چاند تاروں تک تعمیر ہے سفر
آسمانوں کا کوئی کنارا نہیں

زندگی دوپہر کی کوئی دھوپ ہے
پُر فضا وادیوں کا نظارا نہیں

لوٹ آئی ہے مایوس ہو کر نظر
ان خلاؤں میں کوئی ستارا نہیں

بے اماں خواہشوں کو نہ پتوار دو
تند موجوں نے دریا اتارا نہیں

شرم کیسی اٹھاؤ بھی زادِ سفر
کوئی پوچھے تو کہنا ہمارا نہیں

ہم منالائے روٹھی ہوئی ہر خوشی
تم نے احساسِ غم بھی نکھارا نہیں

آج کا دور انجم ہے بیگانگی !
اب کسی کو کسی کا سہارا نہیں

آپس کی باتیں؛

خواتین کی فرمائش پہ ایک صفحہ ان کے لیئے وقف کر دیا گیا، ادارت کے لیئے قرعہ فال میرے نام نکلا، کہ اس ذمہ داری میں عہدہ برآ ہوں؛ صدائے پاکستان نے اس صفحہ کی ادارت کی ذمہ داری میرے سپرد کی ہے، تو لیجئے اس سلسلہ میں کچھ باتیں ہو جائیں،

ہماری پہلی اور آخری کوشش یہ ہونی چاہئے کہ اس صفحہ کا مصرف بہترین انداز میں ہو، آپس میں تبادلہ خیال کا اس سے بہتر وسیلہ اور کیا ہو سکے گا — اس کو بہتر بنانا اب ہمارا کام ہے، میں سب بہنوں سے استدعا کروں گی کہ وہ اس سلسلہ میں تعاون کریں۔ یہ صفحہ صرف گھر کی چار دیواری تک محدود نہیں رہنا چاہئے، کہ ہم سب کو اپنے ملک عزیز سے باہر آنے کے بعد یہاں بالکل نئے ماحول میں اپنے آپ کو ڈھالنا ہوتا ہے، گھر کا کام بھی ہوتا، بچوں کی دیکھ بھال اور کمانے لگانے کا دھندا بھی خود ہی کرنا ہوتا ہے، غرض ایک نئی دنیا ہے، نیا ماحول، اجنبی فضا اور اجنبی چہرے، ہر ایک چیز کا انداز نرالا، اسی وجہ سے کتنی ہی مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے، اگر آپس میں رابطہ قائم ہو جائے، تو وہ تارکین وطن جو پہلے یہاں آچکے ہیں، ان کے تجربات سے نو وارد فائدہ اٹھا سکتے ہیں، آپس کے میل جول سے ملکی اور غیر ملکی حالات کا پتہ چلتا رہتا ہے، آپس میں مل بیٹھنا بھی ایک نعمت سے کم نہیں — تبادلہ خیال سے اپنی عملی زندگی میں بھی انقلاب برپا کیا جا سکتا ہے،

قصہ مختصر واسطہ تو صدائے پاکستان کی بزم خواتین کے ذریعہ سے قائم ہو گیا، باقی آپ کی دلچسپی اور تعاون پر منحصر ہے،

ساجدہ علوی

آدم اور حوا

چھک، چھک، چھک، "ہاں جی، اگر اس چلتی گاڑی سے گر پڑی تو ۔۔۔؟"
عورت نے مسکراتے ہوئے پوچھا،
مرد نے اخبار سے نگاہیں ہٹائے بغیر، ناگواری سے کہا،" اونہوں ۔۔۔ وقت پڑنے پر دیکھا جائے گا"۔
تھوڑی دیر بعد مرد نے اخبار تہہ کر کے رکھ دیا اور مسکراتے ہوئے پوچھا،
"ہاں جی ۔۔۔ اگر میں اس چلتی گاڑی سے گر پڑا تو ۔۔۔!"
عورت نے ایک لمحہ کو مرد کی طرف دیکھا تو دوسرے ہی لمحہ وہ چلتی گاڑی سے کود پڑی۔

واجدہ تبسم

○ ناصر کاظمی

کچھ یادگارِ شہرِ ستمگر ہی لیں چلیں
آئے ہیں اس گلی میں تو پتھر ہی لے چلیں،
یوں کس طرح کٹے گا کڑی دھوپ کا سفر
سر پر خیالِ یار کی چادر ہی لے چلیں،
اِس شہرِ بے چراغ میں جائیگی تو کہاں
آ، اے شبِ فراق تجھے گھر ہی لے چلیں،

لمحۂ گریزاں

میری محبوب یہ اک لمحہ یہ اک لمحۂ قرب
کاش ہوتی تجھے اس لمحے کی قیمت معلوم
میں قنوطی نہیں لیکن نہیں کل پر ایماں
جانے کل کیا ہو بھلا کون بتا سکتا ہے،
جانے کل ہم تو رہیں ہم میں محبت نہ رہے،
کون پھر ہم میں سے اس لمحے کو پا سکتا ہے،
اس سے پہلے کہ گزر جائے نہ یہ لمحہ کہیں
آ کہ ہم پیار کریں زیست کو رنگیں کر لیں

"بشکریہ صبا"

غزل

ماہر القادری

جاگتے رہیے، مگر کیا ہوگا
وقت پر اپنے سویرا ہوگا

مجھ کو اِک شخص نے برباد کیا
تم نہ ہوگے کوئی تم سا ہوگا

مَیں کہاں جرأتِ دیدار کہاں
پہلے اُس نے مجھے دیکھا ہوگا

پرسشِ حال کو وہ آتے ہیں
درد کم ہو کے زیادا[1] ہوگا

مَیں تو آمادۂ فریاد بھی تھا
غیرتِ عشق نے روکا ہوگا

اتنی شمعوں کی ضرورت کیا تھی
کیا ابھی اور اندھیرا ہوگا

آہِ مظلوم سے اِک دن ماہر
شیش محلوں میں دھماکا ہوگا

[1] زیادہ

ایس ۔۔۔ ایس

معلومات کے لئے
فون ۹۲۴-۱۱۱۱

پاکستان تا نیویارک واپسی کرایہ ۵۱۵ ڈالر
ٹورانٹو تا پاکستان واپسی کرایہ ۵۸۵ ڈالر

REAL ESTATE

"The best investment on Earth"

Buying, Selling or Investing

in

o Apartments o Mortgages o Business

ISMAIL A. PATEL

MICHAEL J. DAVID
REALTOR
844 YONGE ST. TORONTO

929-0174.
924-6590

۵،۷ کروڑ روپے کا سامان درآمد کرنے کی درخواستیں

۲ء۱۷ کروڑ روپے مالیت کے ۱۱۳۱ لائسنس مختلف فرموں کو جاری کر دیے گئے

رپورٹ ... چھاپا

کراچی ۳۰ مئی۔ نئی درآمدی پالیسی میں آزاد فہرست کے تحت مختلف اشیاء کی درآمد کے لئے جو سہولتیں دی گئی ہیں ان سے فائدہ اٹھانے کے لئے تجارتی حلقوں صنعتکاروں اور درآمد کنندگان نے گزشتہ ایک ہفتے کے دوران مختلف بینکوں میں تقریباً پچھتر کروڑ روپے مالیت کی اشیاء کی درآمد کیلئے درخواستیں جمع کرائی ہیں۔ حکومت نے نئی درآمدی پالیسی میں آزاد فہرست کے تحت تین سو تیس (۳۳۰) اشیاء کی درآمد کی اجازت دی ہے اور پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار درآمد برآمد کے چیف کنٹرولر کے کراچی کے دفاتر نے درآمد کے لئے درخواستوں کی وصولی کے ساتھ ساتھ لائسنسوں کے اجراء کا کام شروع کر دیا ہے اور درخواستوں کی وصولی کے پہلے دو دنوں میں تقریباً ساڑھے سترہ کروڑ روپے کی مالیت کے ۱۱۳۱ لائسنس مختلف فرموں کو جاری کئے گئے ہیں۔ درآمد و برآمد کے چیف کنٹرولر کے دفتر کی اس غیر معمولی کارکردگی پر تاجر حلقوں میں حیرت و مسرت کا اظہار کیا جا رہا ہے۔ ایک تخمینے کے مطابق گزشتہ ایک ہفتے کے دوران درآمد و برآمد کے چیف کنٹرولر کراچی سینٹر نے تقریباً پچاس کروڑ روپے کی مالیت کے لائسنس جاری کئے ہیں۔ درآمد کنندگان نے جن اشیاء کی درآمد کے لئے درخواستیں جمع کرائی ہیں اور جن کے لائسنس جاری کئے گئے ہیں ان میں ...

دریائے سندھ میں کشتی ڈوبنے سے ۳۰ سے زائد افراد ہلاک

ملتان ۲۹ مئی (نمائندہ جنگ) ملتان پہنچنے والی اطلاعات کے مطابق ضلع ڈیرہ غازی خان پورٹ مٹھن کے قریب دریائے سندھ میں گزشتہ روز کشتی الٹنے سے ہلاک ہونے والوں کی تعداد تیس سے زائد ہے ڈوبنے والوں میں ایک برات کے ۲۵ افراد کے علاوہ دیگر مسافر بھی شامل تھے جو دریا کے دوسرے کنارے پر آ رہے تھے دو ملاحوں اور ایک مسافر ایک بچے کے سوا کشتی میں سوار تمام افراد ڈوب کر ہلاک ہو گئے ... دولہا اور دلہن بھی برات کے ساتھ ہی ڈوب گئے برات میں شامل مرد اور عورتیں ایک شادی کی تقریب میں شرکت کے بعد کوٹ مٹھن میں حضرت خواجہ غلام فرید کے مزار پر حاضری دینے کے لئے آ رہے تھے ان کی کشتی جونہی دریا کے وسط میں پہنچی اسے ایک طوفانی لہر ... کشتی کو ڈوبتا دیکھ کر عورتوں اور مردوں نے چلانا شروع کر دیا اور ... اور کشتی دریا میں غرق ہو گئی ... افراد بھی ڈوب گئے لاشوں کی تلاش کا کام جاری ہے۔

غیاث الدین سیکرٹری جنرل ہو گئے

راولپنڈی ۲۹ مئی (اسٹاف رپورٹر) کیبنٹ سیکرٹریٹ کے ایک اعلان کے مطابق مرکزی وزارت دفاع کے سیکرٹری مسٹر غیاث الدین احمد کو اسی وزارت میں سیکرٹری جنرل مقرر کیا گیا ہے ان کے نئے عہدے کی میعاد اس تاریخ سے شروع ہو گی جس تاریخ کو وہ اپنے اس عہدے کا چارج سنبھالیں گے۔

بھارتی طیارہ گنگا کے اغوا کے مقدمہ میں سلطانی گواہ منحرف ہو گیا

پولیس نے ظلم کر کے مجھ سے بیان دلوایا تھا، خصوصی ٹریبونل کو ملزم کی درخواست

لاہور ۲۹ مئی (پ پ ا) بھارتی طیارہ گنگا کے اغوا کے مقدمہ میں سلطانی گواہ ڈاکٹر فاروق حیدر نے خصوصی ٹریبونل کے سامنے ایک درخواست پیش کی ہے جس میں اس نے کہا ہے کہ میں نے اپنا سابقہ بیان پولیس کی زیادتی کی وجہ سے دیا تھا اور وہ غلط ہے ...



پشاور ۲۹ مئی ...

آئندہ مالی سال میں مغربی پاکستان سے ۳ ارب کروڑ کا مال برآمد کیا جائے گا

روئی کی برآمد میں متوقع اضافہ سے صارفین کے مفاد کو نقصان نہیں پہنچے گا، سرکاری ترجمان کا بیان

اسلام آباد: ۳۱ مئی (پ پ ا) ...

برطانیہ میں آباد پاکستانیوں کو دوہری شہریت دینے پر غور

لندن یکم جون (آصف جیلانی نمائندہ جنگ) ...

صدر بھٹو نے بلوچستان کی ترقیاتی امداد دوگنی کر دی، بزنجو

بلوچستان کی ترقی کے لئے کوئٹہ میں صنعت کاروں اور سرمایہ کاروں کا اجلاس بلایا جائے گا

کوئٹہ فائرنگ کے معاملہ کی عدالتی تحقیقات نہیں کرائی جائے گی، گورنر کا اعلان

کوئٹہ ۲۹ مئی (اے پی پی) بلوچستان کے گورنر میر غوث بخش بزنجو نے آج یہاں اعلان کیا ہے کہ وہ عنقریب کوئٹہ میں ملک کے دوسرے صوبوں کے صنعتکاروں اور سرمایہ کاروں کا ایک اجلاس بلا رہے ہیں جس میں بلوچستان میں سرمایہ کاری کے امکانات پر غور کیا جائے گا ...

... اور مستقل آئین کا مسودہ تیار کرے گی گورنر نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ یہ فیصلہ ہو چکا ہے کہ قانون فوجداری (خصوصی دفعات) کو کوئٹہ میونسپلٹی اور چھاؤنی کی حدود تک توسیع دینے کا جو آرڈیننس نافذ کیا تھا اسے بلوچستان اسمبلی کے سامنے منظوری کے لئے پیش کیا جائے گا۔ جس کا اجلاس ... صوبائی اسمبلی کے ... عبدالصمد خان اچکزئی نے اس آرڈیننس پر ... کی ہے اس کا جواب دیتے ہوئے مسٹر بزنجو نے کہا کہ ... برداشت کی ہیں۔

پاکستانیوں کی املاک نیلام

ڈھاکہ ۲۹ مئی (اے پی پی/اے ایف پی) حکومت بنگلہ دیش نے فیصلہ کیا ہے کہ پاکستانی باشندوں اور پاکستان کی حامی ... کے مکانات اور جائیدادیں نیلام کر دی جائیں گی حکومت نے اس قسم کی جائیداد کے تصفیہ کیلئے ایک انتظامی بورڈ تشکیل دیا ہے ...

پاکستان کا خبرنامہ

لاہور کو ایشیا کا خوبصورت ترین شہر بنایا جائے گا

لاہور ۲۵ مئی (اپ پ) حکومت پنجاب صدر ذوالفقار علی بھٹو کی خواہش کے مطابق لاہور کو ایشیا کا انتہائی خوبصورت شہر بنانے کے لئے کئی تجویزوں پر عمل شروع کرنے والی ہے یہ تجویزیں ابھی تیاری کے مرحلے میں ہیں آج وزیر اعلیٰ ملک معراج خالد کی صدارت میں پنجاب کی مجلس وزراء نے ان تجویزوں پر غور کیا۔ ملک معراج خالد نے کہا کہ ابھی کچھ عرصہ پہلے تک پرانے شہر کے چاروں طرف جو تاریخی باغات پھیلے ہوئے تھے انہیں بحال کیا جائے اور شہر میں جو میدان پڑے ہیں ان میں باغ لگائے جائیں باغ جناح پر خاص توجہ دی جائے انہوں نے کہا کہ میں نے یہ حکم دیا ہے کہ باغ جناح میں اوپن ایئر تھیٹر کی مرمت کے لئے اسے خوبصورت بنانے کے لئے فوراً کام شروع کر دیا جائے

زرینہ رانا کی ضمانت ضبط ہو گئی

زاہد سرفراز کے ووٹوں میں اضافہ

لائلپور ۱۱ مئی (نمائندہ جنگ) لائلپور کے ضمنی انتخاب میں غیر سرکاری نتائج کے مطابق پیپلز پارٹی کے امیدوار افضل رندھاوا نے ۴۴ ہزار ۳ سو ۳۳ ووٹ حاصل کئے پچھلے عام انتخابات کے دوران پیپلز پارٹی کے امیدوار مسٹر مختار رانا نے اسی نشست پر ۴۴ ہزار ۱۰۰ ووٹ حاصل کئے البتہ زاہد سرفراز کے ووٹوں میں اضافہ ہو گیا اور اس مرتبہ انہیں ۱۷ ہزار ۸ سو ۴ ووٹ ملے جبکہ پچھلی مرتبہ انہیں اسی نشست پر مختار رانا کے مقابلے میں تقریباً ۲ ہزار ووٹ ملے تھے۔ زرینہ رانا کو ۱۱ ہزار ۸ سو ۵۰ ووٹ ملے اس طرح ان کی ضمانت ضبط ہو گئی۔ چوہدری وارث علی خان کو بھی ضمانت سے ہاتھ دھونے پڑے انہیں ۱۳۹ ووٹ ملے اس حلقہ میں ووٹروں کی کل تعداد ایک لاکھ تاسی ہزار نو سو بیس ہے عام انتخابات میں ایک لاکھ ۲۰ ہزار ووٹ پول ہوئے تھے اس مرتبہ ایک لاکھ ۹ سو ۲۰ ووٹ پول ہوئے۔

چین پاکستان کو لوہے کا کارخانہ لگانے میں مدد دے گا

چینی ماہرین پاکستان میں دستیاب لوہے کے ذخائر کی جانچ پڑتال کریں گے

کراچی ۹ مئی (اپ پ) چین پاکستان کو ساحل کے مقام پر جہاں کوئلہ اور دوسرا خام مال قدرتی طور پر دستیاب ہے لوہے کے ٹھپے بنانے کا کارخانہ لگانے میں مدد دے گا۔ دھاتوں کے چینی ماہرین کی چھ رکنی ٹیم کے قائد جناب شاؤ زے یونگ نے آج سٹیل پاکستان صنعتی ترقیاتی کارپوریشن کے چیئرمین جناب سعید احمد سے ایک ملاقات کے دوران بتایا کہ چینی حکومت اپنے پاکستانی دوستوں کی اقتصادی ترقی میں ہر ممکن مدد دیتی رہے گی کیونکہ صنعت میں چینیوں کی امداد حاصل پاکستان اور چین کے درمیان اٹوٹ دوستی کا ایک باب ہے اور چینی حکومت اس بات کو قابل تعریف سمجھتی ہے کہ پاکستان فولاد کی صنعت کو فروغ دے رہا ہے۔ جناب سعید نے چینی ماہرین کو چل غازی (بلوچستان) اور لنگریال (ہزارہ) میں کچے لوہے کے ذخیروں سے استفادہ کرنے کے سلسلے میں پاکستان کی مشکلات سے آگاہ کیا۔ چینی ماہرین پاکستان میں کئی ہفتے قیام کریں گے اور چل غازی، لنگریال، کالا باغ اور دیگر علاقوں میں کچے لوہے کے ان ذخائر کی جانچ پڑتال کریں گے جنہیں دریافت کیا جا چکا ہے۔ لوہے کے ٹھپے بنانے کا کارخانہ چینی امداد سے تیار ہونے والا چوتھا کارخانہ ہوگا۔ اس سے پہلے چینی امداد سے ٹیکسلا میں بھاری مشینری تیار کرنے کا کارخانہ اور فورجنگ زیر تکمیل ہے اور [illegible] میں چینی کا کارخانہ لگایا جا رہا ہے۔

پاکستان میں بھارت سے قبل ہنگامی حالت ختم نہیں کی جائیگی

لاہور ۲۹ مئی (اپ پ) مرکزی وزیر قانون و پارلیمانی امور میاں محمود علی قصوری نے کہا ہے کہ پاکستان میں ہنگامی صورتحال کے خاتمہ کا اعلان اس وقت تک نہیں کیا جا سکتا جب تک بھارتی حکومت اپنے ملک میں ہنگامی حالات ختم نہ کر دے۔ راولپنڈی روانگی سے قبل اخباری نمائندوں سے باتیں کرتے ہوئے انہوں نے کہا جب تک ہمیں بھارت کی نیک نیتی کا اچھی طرح علم نہ ہو جائے اور یہ یقین نہ ہو جائے کہ اب بھارت کی طرف سے پاکستان کی سالمیت کو کسی قسم کا خطرہ نہیں ہے ہم اپنے ملک میں ہنگامی صورت حال کس طرح ختم کر سکتے ہیں ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا عبوری آئین کی نظر ثانی کو ہائیکورٹ میں چیلنج نہیں کیا جا سکتا تاہم ایک بورڈ ایسے مقدمات کی جانچ پڑتال کر رہا ہے

پیپلز پارٹی کو اب بھی غالب اکثریت حاصل ہے

جماعت اسلامی سے بھی مشورہ لیا جائے گا۔ صدر بھٹو

لاہور ۲۰ مئی (اپ پ) صدر بھٹو نے آج یہاں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا پیپلز پارٹی سے قومی اسمبلی کے بعض ممبروں کی علیحدگی کے بارے میں اخبارات میں جو قیاس آرائیاں شائع ہوئی ہیں ان کے باوجود پیپلز پارٹی کو غالب اکثریت حاصل ہے جن لوگوں نے پارٹی کے بنیادی اصولوں کو نظر انداز کر کے دوسری پارٹیوں کے لیڈروں سے ملاقات کی [illegible] ... جماعت اسلامی کے لیڈر میاں طفیل محمد ... اس کی حیثیت سے ... جماعت اسلامی باقی رہ گئی ہے اس کے لیڈروں سے بھی مشورہ کیا جائے گا

دیگ اور چمچے

لاہور ۔۔ مئی (ن ل) یہاں پیپلز پارٹی کے ایک انتخابی جلسہ میں وزیر اطلاعات مسٹر کوثر نیازی کی تقریر کے دوران اس وقت دلچسپ صورتحال پیدا ہو گئی جب ... اور ... سٹیج کے عقب سے ایک شخص نے آواز لگائی "جو دیگ ہیں اور آپ اس کے چمچے" اس پر پورا جلسہ گاہ زعفران بن گیا۔

فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن ختم کرنے کا فیصلہ

متحدہ عرب امارتوں کے ساتھ ثقافتی معاہدہ ہوگا

مرکزی کابینہ کے فیصلے؛

مری ۲۷ مئی (اپ پ) مرکزی کابینہ نے جس کا اجلاس آج صبح یہاں صدر بھٹو کی صدارت میں ہوا گلگت اور بلتستان کے شمالی علاقوں میں فرنٹیئر کرائمز ریگولیشن ختم کرنے کا فیصلہ کیا ہے یہ فیصلہ ان علاقوں کے عوام اور مختلف سیاسی گروپوں کے مسلسل مطالبہ پر کیا گیا ہے اس کے علاوہ کابینہ نے متحدہ عرب امارتوں کے ساتھ ایک ثقافتی معاہدہ کرنے اور کراچی میں نیول اکیڈمی کو غیر ملکی کیڈٹوں کو ڈگریاں دینے کا اختیار دینے کا فیصلہ کیا پاکستان ملٹری اکیڈمی کاکول اور پاکستان ایئر فورس اکیڈمی رسالپور پہلے ہی سے غیر ملکی کیڈٹوں کو ڈگریاں دے رہی ہیں لیکن اب تک نیول اکیڈمی کراچی کو غیر ملکیوں کو ڈگریاں دینے کا اختیار نہیں دیا گیا تھا کابینہ کے اجلاس میں امور کشمیر و شمالی علاقوں اور سرحدی علاقوں کے وزیر خان عبدالقیوم خان، وزیر تعلیم مسٹر عبدالحفیظ پیرزادہ اور سینیئر مرکزی سیکرٹریز نے شرکت کی ... [illegible] ... اجلاس میں صحت کی پالیسی کے تمام پہلوؤں پر غور کرنے کے بعد آخر ... کی

برطانیہ نے پاکستانی کپڑے کی درآمد پر پابندی اٹھالی

اسلام آباد ۲۸ مئی (اپ پ) برطانوی حکومت نے پاکستان سے سوتی کپڑے کی درآمد پر جو پابندی لگا رکھی تھی وہ واپس لے لی ہے سرکاری ذرائع کے مطابق برطانوی حکومت نے حکومت پاکستان کو مطلع کیا ہے کہ اب پاکستان ... کے تحت برطانیہ کو سوتی کپڑے کی برآمد دوبارہ شروع کر سکتا ہے

ایران میں پاکستان کے نئے سفیر

اسلام آباد ۲۰ مئی (اپ پ پ) حکومت پاکستان نے مسٹر حامد نواز خان کو جو اس وقت دہلی میں پاکستانی سفیر ہیں ایران میں پاکستان کا نیا سفیر مقرر کیا ہے

کشمیر کی جنگ بندی لائن پر بھارت ایک نئی جنگ کی تیاریاں کر رہا ہے

کراچی ۳ مئی (نمائندہ خصوصی) کشمیر میں موجودہ فائر بندی لائن پر مزید گڑبڑ پھیلانے کے لئے بھارت نے پاکستان کے خلاف ایک شرانگیز مہم کا ایک نیا رخ دیدیا ہے بھارتی حکومت کے ایما پر عالمی اخبارات کے ہندوستانی نمائندے یہ تاثر دینے کی کوشش کر رہے ہیں کہ پاکستان جنگی قیدیوں کی رہائی کے لئے بڑی جنگ شروع کرنے والا ہے۔ ٹیلی گراف کے نمائندے بلرام تنڈن نے نئی دہلی سے بھیجی جانے والی ایک خبر میں کہا ہے کہ اگر صدر بھٹو مسز اندرا گاندھی سے مجوزہ بات چیت میں اپنے قیدیوں کی رہائی کے لئے کچھ نہ کر سکے۔ تو پاکستان بڑے پیمانے پر جنگ چھیڑنے کی کوشش کرے گا۔ خبر میں یہ تاثر دینے کی کوشش کی گئی ہے کہ کشمیر میں پاکستان کے بعض علاقوں کی جنگی تیاریاں کے منظر پر یہ واضح ہے کہ پاکستان نے بھارتی جارحیت کے بعد ٹیٹوال سیکٹر میں اپنی دو چوکیاں واپس لینے میں جو کامیابی حاصل کی تھی اس پر بھارت میں بہت واویلا کیا گیا ہے اب پاکستان کی اس کامیابی کو کمزور بنانے کی مہم کا حصہ قرار دے کر بھارت اپنے آئندہ عزائم کو چھپانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مبصرین کا خیال ہے کہ ٹیلی گراف کے نمائندے کا اشارہ صدر بھٹو کی طرف ہے جن کی کسی تاریخ کی جو تجویز کی گئی ہے بھارتی وزیراعظم نے ماننے سے فی الحال انکار کر دیا ہے۔ کیونکہ وہ بات چیت سے پہلے کشمیر میں حالیہ ہزیمت کا بدلہ چکانا چاہتی ہیں۔ ٹیٹوال سیکٹر میں پاکستان کی کامیابی کے بعد ۱۴ مئی کو جموں کشمیر میں تازہ جھڑپیں اسی سلسلے کی کڑی ہیں۔ اگر اس طرح بھارت کو کوئی کامیابی نہ ہوئی تو اندیشہ ہے کہ وہ نسبتاً بڑے پیمانے پر فوجی کارروائی کر سکے گا۔

دیر کا واقعہ خان جندول کا خاندانی جھگڑا تھا، ولی خان

سرحد کی حکومت بارہ کے واقعہ کی آزادانہ تحقیقات کا مطالبہ منظور کرلیگی، نیپ کے سربراہ کا انٹرویو

پشاور ۲ مئی (اپ پ) نیشنل عوامی پارٹی کے صدر خان عبدالولی خان نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی کو مرکزی کابینہ میں شمولیت کا حق ہے اور نئی آئینی نظام میں یونٹوں کو کافی نمائندگی ملنا ضروری ہے انہوں نے آج لاہور سے یہاں پہنچ کر ہوائی اڈے پر کہا کہ مجھے صدر بھٹو کا بیان پڑھ کر حیرت ہوئی کہ انہوں نے نیپ اور جمعیت علماء اسلام کو جذبہ خیر سگالی کے اظہار کے طور پر مرکزی کابینہ میں نشستیں پیش کی ہیں انہوں نے کہا سوال یہ ہے کہ جب صوبہ سرحد اور بلوچستان میں پیپلز پارٹی کو نمائندگی حاصل نہیں ہے تو قومی اسمبلی میں ان دونوں صوبوں کو نمائندگی کیسے دی جائے گی ولی خان نے کہا کہ اس وقت پوزیشن بالکل ویسی ہی ہے جیسی اس وقت تھی جب مسٹر بھٹو اپنی پارٹی کے لیڈر تھے اور عوامی لیگ کو اکثریت ... [illegible] ... انہوں نے کہا کہ اس کے ساتھ ہی کسی کو ... [illegible]

وہ کسی کے ایجنٹ سیاست میں نہ تھیں لیکن جھنگ بار میں میری تقریر کے دوران پیپلز پارٹی کے ایک نوجوان وکیل نے مجھے سامراج کا ایجنٹ قرار دیا اور کہا کہ میرے والد پاکستان کے مفاد کے خلاف کام کر رہے ہیں۔ میں نے اس نوجوان کو نرمی سے جواب دیا کہ میرے والد گزشتہ سال سے اور میں گزشتہ ۳۰ سال سے سامراج کے خلاف کام کر رہا ہوں۔

صدر بھٹو بھارت جانے سے قبل

قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کریں

کراچی ۲۹ مئی (اسٹاف رپورٹر) تحریک استقلال کے سربراہ ریٹائرڈ ایئر مارشل اصغر خان نے صدر بھٹو پر زور دیا ہے کہ بھارت جانے سے قبل قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کریں اور اس سلسلے میں عوامی نمائندوں کی رائے معلوم کریں وہ آج شب ... [illegible] ... میں جلسہ عام سے خطاب کر رہے تھے انہوں نے کہا کہ اگر بھارت سے کسی قسم کی سودے بازی کی گئی تو ہم سخت مزاحمت کریں گے ... [illegible] ... مقدمہ نہ چلانے کی سب سے بڑی وجہ یہ ہے کہ اس سے بعض ... [illegible] ... کے بے نقاب ہو جانے کا خطرہ ہے جلسے سے ڈاکٹر ... [illegible] ... نے بھی خطاب کیا

نور خان نے یحییٰ خان کو لکھا ۔۔۔۔۔

کراچی ۲۰ مئی سابق گورنر مغربی پاکستان ایئر مارشل نور خان نے سابق صدر یحییٰ خان کو ایک خط میں خبردار کیا تھا کہ بری، بحری اور ہوائی فوج تینوں کی مشترکہ دفاعی پالیسی تیار نہ ہوئی تو افواج سیاسی مفادات کا شکار ہو جائیں گی اور اس وقت ہونے والے دفاعی فیصلے کئے جا رہے ہیں وہ ثابت نہیں ہونگے ایئر مارشل (ریٹائرڈ) نور خان نے اس خط میں جو منت روزہ اخبار جہاں کی حالیہ اشاعت میں شائع ہوا ہے

سابق صدر یحییٰ خان کو لکھا تھا کہ ہماری وزارت دفاع صرف مہر لگانے اور احکامات پاس کرنے کا ہی کام کرتی ہے جبکہ ٹھوس پالیسیاں بنانے کی فکر لاحق ہونی چاہیئے۔ اس خط کے ذریعہ نور خان نے یحییٰ خان کے سامنے مشترکہ دفاعی منصوبہ سازی کے بارے میں یہ تجویز بھی رکھی تھی کہ تینوں افواج کے سربراہوں کی ایک مشترکہ کمیٹی تشکیل دی جائے جس کا ایک مستقل چیئرمین ہو تینوں افواج میں ... [illegible] ... کہ اگر ۱۹۶۵ کی جنگ کے تجربہ کی روشنی میں ... [illegible] ... ایئر فورس کا کمانڈر انچیف ... [illegible] ... معاملات میں بالکل کورا تھا۔

مسائل و افکار

مغربی پاکستان پر بنگلہ دیش کے سائے

زیڈ اے سلہری

مارشل لاء اٹھ چکا ہے عبوری دستور منظور ہو چکا ہے۔ اس کے تحت مرکز اور صوبوں میں وزارتیں بن چکی ہیں لیکن ملک میں تسکین و قرار کی ہوا نہیں چلی۔ ڈیرہ میں گولیاں چلیں تو کوئٹے میں فائرنگ ہوئی دو تین ہنگاموں میں تین شہری ہلاک ہو گئے سب سے بڑھ کر پی پی پی اور نیپ جمعیت کے اختلاف رائے سے جو بحران پیدا ہوا تھا وہ ان کے سمجھوتے کے بعد بھی بدستور قائم ہے۔ طرفین میں مذاکرات کا سلسلہ ختم ہونے میں ہی نہیں آتا۔ نیپ جمعیت مرکز میں شمولیت کے لئے شرائط لگا رہی ہیں، لیکن انہیں مرکزی وزارت میں شامل کرنا کیوں ضروری ہے کہ کوئی قومی حکومت تو معرض وجود میں نہیں آ رہی۔ ممکن ہے کہ صدر بھٹو چاہتے ہوں کہ پی پی پی کی جماعتی بالادستی بھی قائم رہے اور حزب اختلاف بھی منقار زیر پر ہو جائے۔ بہرحال ان مسلسل مذاکرات سے غیر یقینی کی فضا پیدا ہو رہی ہے۔ اس اصول پر اکتفا کیوں نہیں کیا جاتا کہ جہاں جہاں جس کی اکثریت ہے وہاں وہ اپنی حکومت بنانے پر قناعت کرے تاکہ عبوری دور کا زائد گرد و غبار بیٹھ جائے اور مہیب ملکی مسائل پر پوری توجہ دی جا سکے۔ یہاں عالم یہ ہے کہ ایک صوبے کا گورنر مرکز کے وزیر داخلہ پر کھلے بندوں الزام لگا رہا ہے کہ ڈیرہ اور کوئٹے میں فساد اس نے کرایا، دوسری طرف گورنر تو ایک جماعت پر بندش ہٹانے کا فیصلہ کرتا ہے اور مرکز جس کا وہ نمائندہ ہے یہ موقف اختیار کرتا ہے کہ وہ اس فیصلے کا مجاز نہ تھا۔ اب باہر کے مبصرین کیونکر مانیں کہ ملک بحران سے نجات حاصل کر چکا ہے۔ بد قسمتی تو یہ ہے کہ بار بار یہ کہا جا رہا ہے کہ خارجی طاقتیں یہاں ہنگامہ کرانے پر تلی ہوئی ہیں افغانستان نے تو صاف کہہ دیا کہ وہ تب تک پختونستان کی حمایت کرتا رہے گا جب تک پٹھانوں کو حق خود اختیاری نہیں دیا جاتا، ظاہر ہے یہ حق صوبائی خود مختاری سے بالاتر اور وسیع تر چیز ہوگا حالانکہ نیپ جمعیت اور قیوم مسلم لیگ نے عبوری دستور کو تسلیم کر لیا ہے اور اسی کے تحت اپنی اپنی جگہ وزارتوں پر فائز ہیں۔ پھر یہ بھی برملا کہا گیا کہ کوئٹے میں جو فساد ہوا اور دیا ان کے خلاف نعرے لگائے گئے وہ کسی باہر کی طاقت کے ایما پر ہوا۔ سب سے خطرناک اس تاثر کا نفوذ ہے کہ مغربی پاکستان کی سالمیت بھی خارجی طاقتوں کی ریشہ دوانیوں کی زد میں ہے۔ خان ولی خان کا یہ کہنا کہ اگر انہیں کرسی نہ ملی تو یہاں بھی بنگلہ دیش کے سے حالات پیدا ہو جائیں گے، اس تاثر کی تصدیق مزید کرتا ہے۔

بے شک صدر بھٹو نے بہت صبر آزما حالات میں حکومت کی ذمہ داری سنبھالی۔ اس سے زیادہ اور کیا کٹھن حالات ہوں گے کہ ملک کا آدھا حصہ اور آدھی سے زیادہ آبادی ہاتھ سے جا چکی تھی۔ لیکن دیکھنا یہ ہے کہ کیا ان حالات کو پیدا کرنے میں ان کا بھی کچھ حصہ تھا؟ انہوں نے خود کراچی کے جلسہ عام میں کہا تھا کہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ سقوط مشرقی پاکستان کی ذمہ داری یحییٰ پر عائد ہوتی ہے بعض کہتے ہیں کہ شیخ مجیب الرحمٰن پر اور بعض کہتے ہیں کہ بھٹو پر اور بعض کہتے ہیں کہ تینوں پر۔ حقیقت یہ ہے کہ انتخابات سے لیکر یحییٰ کے اخراج تک، تین ہی شخص اس ملک کے کرتا دھرتا تھے یہی تین اصحاب۔ تو ان کے طرز عمل کو ہمارے حالات کی دگرگوں کیفیت میں ضرور دخل حاصل ہے۔ آخری ذمہ داری کس کی ہے وہ تو حمود الرحمٰن کمیشن کی رپورٹ کے بعد ہی پتہ چلیگا لیکن ۲۰ دسمبر ۱۹۷۱ء سے جو دور شروع ہوا اس کی ذمہ داری سے صدر بھٹو پہلو تہی نہیں کر سکتے اور اس دور میں ایسی ایسی باتیں ہوئیں جن سے ملکی حالات بد سے بدتر ہوتے، مثلاً مارشل لاء کا جاری رکھنا قطعاً غیر ضروری تھا، اس کے حق میں بڑی سے بڑی دلیل یہی سنی گئی کہ اگر مارشل لاء نہ ہوتا تو پاکستان ہی کا مقدمہ کیونکر فیصل ہوتا حالانکہ مارشل لاء اٹھانے سے یہی ثابت ہوا کہ اس کا اجراء قطعی غیر ضروری تھا، اس کے بغیر بھی حکومت کے پاس امن امان قائم کرنے کے لئے کافی اختیارات تھے لیکن اس کے خلاف تحریک چلی، خاص طور پر ایک طرف سرحد اور بلوچستان اور دوسری طرف پنجاب اور سندھ میں تقابل سے ملک ٹکڑے ٹکڑے ہوتا نظر آیا، اگر حالات واقعی نازک تھے اور یقیناً تھے تو کوئی ایسا عمل نہ کیا جانا چاہئیے تھا جس سے بحران زیادہ سنگین ہوتا۔ اگر اقتدار سنبھالتے ہی صدر بھٹو مارشل لاء اٹھا دیتے اور نیپ اور جمعیت کو اپنی مرضی کے مطابق وزارتیں بنانے کا موقع مل جاتا تو کسی تحریک چلانے کا جواز نہ رہتا، اس کے برعکس مرکزی حکومت کو مارشل لاء نافذ رکھنے پر اس قدر اصرار تھا کہ وہ اس سے زلیق مفاہمت کو بھی قربان کرنے کو تیار ہو گئی جس کا اس طمطراق سے اعلان کیا گیا تھا کہ اس سے ملک بچ گیا ہے۔ پھر جب بعد از خرابی بسیار سرحد اور بلوچستان میں وزارتیں بننے کی نوبت آئی تو پنجاب اور سندھ میں پی پی پی کے گورنروں کے تقرر سے نیپ اور جمعیت کو دوبارہ اس بات کا موقع ملا کہ وہ بھی اپنی جماعت کے گورنروں کا مطالبہ کریں۔ حالانکہ یہ سخت غلط اور غیر دستوری اقدام تھا، عبوری دستور کے مطابق گورنر کی پوزیشن رسمی تھی وہ صرف مرکز کا ایجنٹ تھا اور اسے بہرحال غیر سیاسی اور غیر جانبدار ہونا چاہئیے تھا، اگر ایسا شخص سرحد کا گورنر ہوتا تو اسے مرکز کی اجازت کے بغیر خدائی خدمتگاروں سے پابندی اٹھانے کی جرأت نہ ہوتی۔ اس غیر دستوری رسم کے طفیل پنجاب اور سندھ تو مرکز کے غلام بے دام ہو گئے لیکن سرحد اور بلوچستان کی طرف سے کشاکش کے امکانات قائم رہیں گے۔

دراصل ملک میں ملکی نقصان اور اس بڑھتے ہوئے خوف کا احساس کہ مغربی پاکستان بھی غیر دوست خارجی طاقتوں کی جارحیت کی دسترس سے باہر نہیں، اس وجہ سے ہے کہ حکومت نے یہ تاثر دے دیا ہے کہ وہ بنگلہ دیش کو تسلیم کرنے پر آمادہ ہو سکتی ہے۔ سوال بنگلہ دیش کی علیحدگی کا نہیں کہ اس معاملے میں اس وقت ہم لاچار ہیں۔ بنگلہ دیش پر حقیقت میں ہندوستان کا قبضہ و تصرف ہے۔ سوال یہ ہے کہ ہم اسے تسلیم کریں یا نہ کریں؟ ایک طرف تو سرکاری طور پر ہم اب تک جوناگڑھ کو پاکستان کا حصہ قرار دیتے ہیں کہ خواہ وہ واقعتاً ہمارے ملک کا حصہ بنا یا نہیں لیکن اس نے الحاق پاکستان سے کیا تھا، اب اگر دوسری طرف ہم بنگلہ دیش کو آزاد مملکت تسلیم کر لیں تو یہی نہیں کہ ہماری قومیت کی نظریاتی بنیاد تباہ ہو جاتی ہے اور ہمارے وجود کا کوئی جواز نہیں رہتا بلکہ ـــ اور یہ اہم ترین نکتہ ہے ـــ یہ عمل اس اعتراف کا مترادف ہوگا کہ ہم جارحیت کے اصول کو تسلیم کرتے ہیں۔ ہم عملاً اس بات کو جائز قرار دیتے ہیں کہ اگر کوئی ملک، کوئی طاقت، دوسرے ملک پر چڑھائی کر کے اس کے علاقے کو غصب کر لے تو اسے اخلاقی اور قانونی حق حاصل ہو جاتا ہے کہ وہ اس علاقے کو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اپنے دائرہ اثر میں رکھے یا اسے اپنے ملک میں ضم کر لے۔ اب اگر جارحیت دوسرے ملکوں کے علاقے کو ہتھیانے کے لئے ایک مسلمہ قدر کی حیثیت اختیار کر لے تو وہ کسی جگہ بھی لاگو ہو سکتی ہے۔ مغربی پاکستان میں جو یہ خبریں پھیلتی ہیں کہ کوئی طاقت پختونستان بنانا چاہتی ہے اور کوئی طاقت آزاد بلوچستان کے نقشے تیار کر رہی ہے تو عوام انہیں اس لئے باور کرنے پر مجبور ہیں کہ ایسا مشرقی پاکستان میں ہو ہی نہیں چکا بلکہ ہم اس المیے پر مہر تصدیق ثبت کرنے کو تیار بھی ہیں، ان میں یہ یقین پیدا نہیں ہوتا کہ ہم اپنے باقی ماندہ ملک کا تحفظ کرنے کا اسی طرح عزم رکھتے ہیں جیسے دوسری قومیں یہ خیال کہ جو مشرق میں ہوا وہ مغرب میں بھی ہو سکتا ہے اور نہ وہاں ہم مزاحمت کر سکے اور نہ یہاں مزاحمت کر سکیں گے لوگوں کو پست ہمت کر رہا ہے۔ اس صورت حال کا مداوا اسی میں ہے کہ اس تاثر کو زائل کیا جائے کہ ہم بنگلہ دیش کو تسلیم کر کے اسے اخلاقی اور قانونی حیثیت دینے کو تیار ہیں۔ قوموں کو شکست بھی ہوتی ہے، ملک کے علاقے دشمن کے تصرف میں بھی چلے جاتے ہیں لیکن جب تک اس تصور پر قائم رہا جائے کہ یہ عارضی صدمات ہیں اور قوم اپنے حق کو واپس حاصل کر کے رہے گی تو نہ صرف عوام میں ہمت پیدا ہوگی بلکہ وہ ہر اس طاقت کے، جو پاکستان کو ترچھی نگاہ سے دیکھتی ہے، مقابلے کے لئے تیس رہیں گے، قربانیاں ہمارے لئے کوئی نئی چیز نہیں، ہم ان تجربات سے گزرتے رہے ہیں اور قوم مجموعی طور پر نہ ہمت ہارتی ہے نہ قربانیوں سے گھبراتی ہے۔

مشرقی افریقہ کے مسلمانوں کی سرمایہ کاری کا خیر مقدم

لاہور ۳ مئی۔ اوورسیز پاکستانی سرمایہ کاری کی ایسوسی ایشن کے چیئرمین مسٹر شمس الدین بٹ کی سرکردگی میں مشرقی افریقہ کے مسلمانوں کے وفد نے گزشتہ روز وزیر اعلیٰ پنجاب ملک معراج خالد سے ملاقات کی اور انہوں نے صوبے میں نئی صنعتوں کے قیام کی تجویز پر ان سے بات چیت کی۔ وفد نے پنجاب میں مختلف صنعتوں اور صنعتی قصبے کے قیام میں ابتدائی طور پر ساٹھ لاکھ پونڈ کی سرمایہ کاری کا خیال ظاہر کیا ہے۔ اس موقع پر وزیر اعلیٰ نے مشرقی افریقی ممالک کے مسلمان سرمایہ کاروں کے اس جرأت مندانہ فیصلے کا خیر مقدم کیا اور انہوں نے ان کے منصوبوں پر عملدرآمد کے سلسلے میں مکمل تعاون اور امداد کی یقین دہانی کرائی انہوں نے کہا ایسوسی ایشن کا فیصلہ مشرقی افریقی مسلمانوں کی طرف سے پاکستان کے لئے خیر سگالی کے جذبات اور محبت کا مظہر ہے۔ وفد نے وزیر اعلیٰ سے کہا کہ خوراک اور گوشت کو ڈبوں میں بند کرنے کی صنعت اور پولٹری فارم اور ڈیری فارمنگ کی ترقی پر زور دیا جائے گا۔ ان اشیا کو قیمتی زرمبادلہ کمانے کے لئے پاکستان سے برآمد کیا جائے گا۔ ملک معراج خالد نے وفد کو بتایا کہ اس کی حکومت نے صوبے میں مشرقی افریقی مسلمانوں کے ایک ہزار خاندان بسانے اور انہیں دوسری سہولتیں دینے پر رضامندی کا اظہار کیا ہے۔

صوبے کے نظم و نسق پر بھارتی ہندو پوری طرح چھا گئے ہیں

بھارتی طیاروں کی بمباری اور فوجی کارروائیوں کے باوجود محب وطن عناصر کی مزاحمت جاری ہے

لاہور ۳ مئی۔ مشرقی پاکستان سے یہاں پہنچنے والی اطلاعات میں بتایا گیا ہے کہ بنگلہ دیش میں مقیم غیر بنگالیوں کے مصائب میں روز بروز اضافہ ہو رہا ہے یہ لوگ مختلف علاقوں میں قیدی کیمپوں میں محصور ہیں۔ سرکاری اور پرائیویٹ اداروں میں ان کی نوکریاں ختم ہو چکی ہیں تاجر پیشہ افراد کی کانیں بنگالیوں اور بھارت سے آئے ہوئے ہندوؤں میں تقسیم کر دی گئی ہیں ان لوگوں کو کیمپوں سے باہر جانے کی اجازت نہیں ہے اس لئے وہ محنت مزدوری بھی نہیں کر سکتے اور بین الاقوامی ریڈ کراس کی طرف سے افراد کے لئے کھانے پینے کی جو اشیا بنگلہ دیش ریڈ کراس کو دی جاتی ہیں ان میں سے ایک دن کا راشن دے کر کہا جاتا ہے کہ یہ تین دن کا راشن ہے اور باقی اشیا بلیک مارکیٹ میں فروخت کر دی جاتی ہیں چٹاگانگ میں قریباً دو ہزار پنجابیوں پٹھانوں اور بہاریوں کو ایک زیر تعمیر عمارت میں منتقل کر کے قیدی کیمپ میں تبدیل کر دیا گیا ہے اور عمارت کی تعمیر روک دی گئی ہے اس عمارت میں پینے کے پانی کا انتظام بھی نہیں۔ ذریعہ روزگار سے محرومی کے سبب یہ لوگ پیٹ کا ایندھن بھرنے کے لئے اپنی قیمتی اشیاء اونے پونے فروخت کرنے پر مجبور ہیں پہلے اس کیمپ میں بہاری نوجوانوں کی گارد تھی

بنگلہ دیش میں پناہ گزینوں سے تن کے کپڑوں کے سوا سب کچھ چھین لیا گیا:

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

سحر قریب ہے شاید میرے وطن کے لئے
کمی ہے بس تو اذاں لا الٰہ الا اللہ

۱۵ جون ۱۹۶۲ء

اُمتِ مسلمہ کے زوال کا سبب

قَالَ رَسُوْلُ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُوْشِکُ الْاُمَمُ اَنْ تَدَاعٰی عَلَیْکُمْ کَمَا تَدَاعَی الْاَکَلَۃُ اِلٰی قَصْعَتِہَا فَقَالَ قَائِلٌ وَمِنْ قِلَّۃٍ نَحْنُ یَوْمَئِذٍ؟ قَالَ بَلْ اَنْتُمْ یَوْمَئِذٍ کَثِیْرٌ وَلٰکِنَّکُمْ غُثَاءٌ کَغُثَاءِ السَّیْلِ وَلَیَنْزِعَنَّ اللّٰہُ مِنْ صُدُوْرِ عَدُوِّکُمُ الْمَہَابَۃَ مِنْکُمْ وَلَیَقْذِفَنَّ اللّٰہُ فِیْ قُلُوْبِکُمُ الْوَہْنَ. فَقَالَ قَائِلٌ یَا رَسُوْلَ اللّٰہِ وَمَا الْوَہْنُ؟ قَالَ: حُبُّ الدُّنْیَا وَکَرَاہِیَۃُ الْمَوْتِ.

(ابوداؤد عن ثوبان کتاب الملاحم ص ۵۹)

"جناب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:
عنقریب غیر مسلم قومیں تمہارا سر کچلنے کے لیے دھاوا بول دیں گی، ایک بسیار خور بھوکے کی طرح جو اپنے دسترخوان پر ٹوٹ پڑتا ہے۔ سامعین میں سے ایک آدمی بولا کیا ہم اس وقت اقلیت میں ہوں گے؟ آنحضور نے فرمایا نہیں، بلکہ تم اکثریت میں ہوگے لیکن تمہاری حیثیت سیلاب کے کوڑا کرکٹ اور جھاگ سے زیادہ نہ ہوگی (اس وقت اللہ تعالیٰ کا فیصلہ یہ ہوگا کہ) دشمن قوموں کے دل سے تمہارا رعب ختم ہو جائے گا اور تمہارے دل "وہن" کا شکار ہو جائیں گے۔ کسی نے پوچھا حضور! "وہن" کسے کہتے ہیں؟ آپ نے فرمایا: دنیا سے محبت اور مرنے سے نفرت۔"

اس حدیث کا ایک ایک جملہ ہمارے حالات کا عکاس ہے۔ آج کروڑوں مسلمان غیروں کی تہذیب اور غیروں کے نظریات کے بے پناہ سیلاب میں کوڑے کرکٹ کی طرح بہے چلے جا رہے ہیں۔ بین الاقوامی سیاست میں کوئی گروہ ان کا وزن محسوس کرتا ہے نہ ان کا احترام کرنے پر مجبور ہے۔ یہ اپنے حقوق سے دستبردار تو ہو سکتے ہیں لیکن کسی ظالم سے اپنا حق وصول کرنے کی سکت ان میں دکھائی نہیں دیتی۔ سوال پیدا ہوتا ہے کہ ایسا کیوں ہے؟ جواب وہی ہے جو حضور صلی اللہ علیہ وسلم صدیوں پہلے ارشاد فرما گئے ہیں کہ ان کے دل خدا کی محبت سے خالی اور دنیا کی محبت سے معمور ہیں۔ اللہ کے دین کو قائم کرنے کے لیے جدوجہد کرنے اور اس راہ میں جان کی بازی لگا دینے کا ان کی زندگی میں سراغ نہیں ملتا بلکہ یہ کانپ رہے ہیں کہ حق اور باطل کی جنگ میں کہیں جان سے یا کسی فائدے سے ہاتھ نہ دھونا پڑیں۔
یہی طرزِ حیات اس عظیم امت کے زوال کا سب سے بڑا سبب ہے۔

بزمِ خواتین

خواتین کے پُرزور اصرار پر "بزمِ خواتین" کے نام سے خواتین کے علیحدہ حصہ اس اشاعت میں شامل ہے، امید ہے تمام خواتین اس حصہ میں دلچسپی لیں گی اور اس کو بہتر بنانے میں اپنا حصہ ادا کریں گی۔

اس حصہ کی ادارت محترمہ ساجدہ علوی صاحبہ پی، ایچ، ڈی نے قبول فرمائی ہے، آپ پاکستان کی مشہور اہلِ علم خاتون ہیں، آپ فارسی اور اردو زبان میں تحقیقی کام کر چکی ہیں، پاکستان اور پاکستان سے باہر ان کے متعدد مقالے شائع ہو چکے ہیں۔

یہ بزمِ خواتین کی خاص طور اور صدائے پاکستان کی عام طور پر خوش قسمتی کہی جائے گی کہ ہمیں آپ جیسی عظیم اور باکمال شخصیت کی رہنمائی اور تعاون نصیب ہوا، ادارہ محترمہ ساجدہ علوی کا ممنون ہے کہ آپ نے اپنی مصروفیات سے کچھ وقت بزمِ خواتین کے لیے نکالا،

ہماری بہنیں محترمہ ساجدہ علوی سے مندرجہ ذیل پتہ پر رابطہ قائم کر سکتی ہیں،

ایڈیٹر بزمِ خواتین
صدائے پاکستان
پوسٹ بکس ۳۳ سٹیشن ڈی
ٹرانٹو،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

وَوَصَّیْنَا الْاِنْسَانَ بِوَالِدَیْہِ حُسْنًا ط وَاِنْ جَاھَدٰکَ لِتُشْرِکَ بِیْ مَا لَیْسَ لَکَ بِہٖ عِلْمٌ فَلَا تُطِعْھُمَا ط اِلَیَّ مَرْجِعُکُمْ فَاُنَبِّئُکُمْ بِمَا کُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ٥

سورۃ العنکبوت

ترجمہ:- ہم نے تاکید کر دی انسان کو بھلائی سے رہنے کی اپنے والدین کے ساتھ اور اگر وہ تجھ سے زور کریں کہ تو شریک کرے میرا جس کی تجھ کو خبر نہیں، تو تو ان کا کہنا مت مان، مجھی تک پھر آنا ہے، تم کو، سو میں بتلاؤں گا تم کو جو کچھ تم کرتے تھے۔

موضح القرآن:- دنیا میں والدین سے زیادہ حق کسی کا نہیں، لیکن اللہ کا حق ان سے زیادہ ہے، والدین کی خاطر اللہ کے اور اس کے رسول کے حکموں کو نہ چھوڑے، اللہ نے فرمایا کہ اگر والدین یا اس کے علاوہ بھی شخص کسی کی طرف مائل کرے تو ان کا کہنا مت مانو، لیکن دنیا میں حق کا ساتھ دو، سب کو مرنے کے بعد اللہ کے پاس حاضر ہونا ہے، اللہ سب باتیں بتلا دیگا، جو کچھ تم نے دنیا میں کی ہیں،

درسِ قرآن از الحاج عبدالحمید

ساتھ پریس

۱۵ جون، حکومت پاکستان کے ایک اعلان کے مطابق پانچ اور دس روپیہ کے موجودہ کرنسی نوٹ منسوخ کر دیئے گئے ہیں، نوٹ بدلنے کے لئے عوام کو چھ دن کی مہلت دی گئی ہے، تبادلہ کے وقت کسی قسم کی پوچھ گچھ نہیں کی جائے گی —
حکومت نے یہ فیصلہ قوم کے بہتر مفاد کے لیے کیا ہے،

وزارت خزانہ کے ایک اعلامیہ کے مطابق قومی اسمبلی میں بجٹ کا اعلان ۱۷ رجون ۱۹۶۲ء کو کیا جائے گا —

پتہ کی تبدیلی:- براہ کرم اپنے پتہ کی تبدیلی کی اطلاع ۵۹۱۷-۵۳۲ پر دیں، ادارہ

صدائے پاکستان ٹرانٹو

جلد ۱ | ۱۵ جون ۱۹۷۲ء | نمبر ۶

تین ڈویژن فوج کی تنظیم نو کے بعد پاکستان اپنی سرحدوں کا دفاع کرنے کے قابل ہو گیا

چین اور دیگر ممالک سے اسلحہ گولہ بارود ٹینک فوجی طیارے میزائل اور اہم تنصیبات کے تحفظ کا سامان بھی مل گیا

فوجی طاقت کی بحالی سے صدر بھٹو کو اندرا سے مذاکرات میں مدد ملے گی

[redacted]

لندن ۔ ۹ مئی۔ پاکستان نے گزشتہ دسمبر کی جنگ کے فوجی نقصانات کو پورا کر لیا ہے اور گزشتہ ۴ ماہ کے دوران تنظیم نو اور اسلحہ بندی کے پروگرام کے تحت اب اس کی فوجی طاقت سابقہ سطح پر آ گئی ہے۔ مغربی فوجی ماہرین کی رائے کے مطابق دسمبر کی جنگ کے دوران پاکستان کی فوجی طاقت کا ایک چوتھائی سے بھی کم نقصان ہوا تھا۔ پاکستان کی دو تہائی فوج بالکل محفوظ رہی اور اسے استعمال ہی نہیں کیا گیا یا اسے بہت معمولی نقصان پہنچا۔ مغربی فوجی ماہرین کے اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ جنگ کے اختتام پر پاکستان کے پاس اس کے ۵۰۰ فوجی طیاروں میں سے دو تہائی سے زیادہ طیارے موجود تھے اور اگر بھارت کے اس دعوے کو تسلیم بھی کر لیا جائے کہ جنگ میں پاکستان کے ۲۴۴ ٹینک تباہ ہوئے ہیں تو پھر بھی یہ تعداد پاکستان کی مجموعی بکتر بند گاڑیوں کا ایک چوتھائی سے کم ہے۔ مغربی فوجی مبصرین کا کہنا ہے کہ بڑی تعداد میں پاکستانی جنگی قیدیوں کے بھارت میں قید ہونے کے باوجود پاکستان کی مسلح افواج کی عددی طاقت پر کوئی اثر نہیں پڑا۔ کیونکہ یہ نقصان کم از کم تین ڈویژن فوج کی از سر نو تنظیم کے ذریعہ پورا کر لیا گیا ہے۔ مغربی فوجی مبصرین کا یہ بھی خیال ہے کہ جنگ کے بعد اب پاکستان کو مشرقی پاکستان میں فوج رکھنے کے بھاری اخراجات برداشت کرنے نہیں پڑتے اور اب پاکستان اپنی ۱۴ ڈویژن فوج کے ساتھ ایک مضبوط طاقت ہے اور مغربی پاکستان کی سرحدوں کا دفاع کرنے کی پوری صلاحیت رکھتا ہے۔ فوجی ماہرین کا کہنا ہے کہ جنگ کے بعد سے پاکستان نے اسلحہ اور گولہ بارود بھاری مقدار میں حاصل کیا ہے اس میں ٹینک فوجی طیارے اور زمین سے فضا میں مار کرنے والے میزائل بھی شامل ہیں جو اسے چین اور دوسرے ممالک سے موصول ہوئے ہیں اور اس طرح فوجی طاقت بحال ہو چکی ہے اور وہ تیل صاف کرنے کے کارخانوں اور ہوائی اڈوں جیسی اہم تنصیبات کی حفاظت کے قابل ہو گیا ہے۔ فوجی ماہرین کا کہنا ہے کہ پاکستان کی مسلح افواج کی از سر نو تنظیم اور اسلحہ بندی سے یقینی طور پر صدر بھٹو کو اندرا گاندھی کے ساتھ مذاکرات میں بڑی مدد ملے گی۔

پاکستان اپنا کھویا ہوا وقار بحال کرنے میں کامیاب ہو گا

ہماری شکست کا سبب استحصالی اور غیر جمہوری نظام تھا

بیروت ۔ ۳ مئی (اے پی پی ۔ اے ایف پی) صدر ذوالفقار علی بھٹو کویت میں ایک روز اور عراق میں ایک رات قیام کے بعد بغداد میں سات گھنٹے قیام کے بعد بیروت پہنچ گئے۔ بیروت میں صدر بھٹو نے لبنان کے صدر سلیمان فرنجی کے ساتھ برصغیر اور مشرق وسطیٰ کے مسائل پر غور کیا۔ اس سے پہلے بغداد میں صدر نے عراقی لیڈروں کے ساتھ دو گھنٹے تک مشترکہ دلچسپی کے معاملات پر تبادلۂ خیال کیا۔ مذاکرات میں پاکستان کی وزارت خارجہ کے سیکرٹری بغداد میں پاکستان کے سفیر عراق کی انقلابی کونسل کے ارکان اور عراقی وزیر خارجہ سید عبدالباقی نے بھی شرکت کی۔ اس سے پہلے خلیج فارس کی عرب ریاستوں کے وفاق کی طرف سے یہ اعلان کیا گیا تھا کہ عرب ریاستوں کا وفاق پاکستان کو متحد و برقرار دیکھنا چاہتا ہے۔ صدر بھٹو کی آمد پر کویت نے اعلان کیا کہ وہ بنگلہ دیش کو تسلیم نہیں کرے گا۔

حسن البکر کو پاکستان کا اعلیٰ ترین اعزاز نشان پاکستان دیا۔ پی پی آئی کے نامہ نگار نے لکھا ہے کہ خصوصی تقریب پاکستان اور عراق کے گہرے دوستانہ تعلقات کی مظہر تھی۔

کویت میں ایک روزہ قیام کے بعد صدر بھٹو آج بغداد پہنچے تھے وہاں صدر حسن البکر نے ایک خاص تقریب میں ان کو عراق کا سب سے اعلیٰ سول اعزاز "وسام الراشدین" پیش کیا۔ یہ تقریب شاہی محل قصر بغداد میں منعقد ہوئی۔ اس کے فوراً بعد صدر بھٹو نے صدر حسن

امریکہ اور روس کے تعلقات بہتر ہونے پر اندرا کو پریشانی

نئی دہلی ۔ ۳۰ مئی (اے پ) بھارتی وزیر اعظم مسز اندرا گاندھی نے کہا ہے کہ امریکہ اور روس کے سربراہوں کے مذاکرات سے فی الحقیقت اسلحہ میں کمی ہوگی اور نہ ہی چھوٹے ملکوں کو کوئی فائدہ پہنچے گا۔ انہوں نے کانگریس کی مجلس عاملہ سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں طاقتوں میں سمجھوتہ پایا جانا چاہئے تھا کہ ایٹمی ہتھیار چھوٹی طاقتوں کے خلاف استعمال نہیں کئے جائیں گے تاہم انہوں نے ایٹمی اور حیاتیاتی ہتھیاروں کی تیاری پر کنٹرول کے سمجھوتہ کو صحیح اقدام قرار دیا۔ مسز گاندھی نے کہا کہ عالمی امن کو محض دو طاقتوں کی دو طرفہ بات چیت سے تقویت نہیں پہنچ سکتی۔ ایسے مذاکرات میں دوسرے ملکوں بالخصوص ایشیائی ملکوں کو بھی شامل کیا جانا چاہئے۔

برصغیر میں منصفانہ تصفیہ ہو جائے گا

صدر نکسن اور شہنشاہ ایران کا اظہار امید

تہران ۔ ۳۱ مئی (اے پی پی ۔ اے ایف پی) شہنشاہ ایران اور صدر نکسن کے مذاکرات کے بعد دورہ کے اختتام پر ایک مشترکہ اعلامیہ جاری کیا گیا ہے جس میں کہا گیا ہے کہ خلیج میں سلامتی کی ذمہ داری اس سے متصل ممالک پر عائد ہوتی ہے اور شہنشاہ ایران نے اعلامیہ میں اس امر کا عزم ظاہر کیا ہے کہ ایران اس سلسلے میں اپنی ذمہ داری کو پورا کرے گا۔ اعلامیہ میں دونوں سربراہوں نے توقع ظاہر کی ہے کہ پاکستان اور بھارت موجودہ مسائل کو حل کرنے کے لئے ایک باعزت سمجھوتے پر آمادہ ہو جائیں گے۔

جنگی قیدیوں کو رہا نہ کرنے سے بھارت خسارے میں رہے گا

تاریخی حقائق کو کوئی قوم نظر انداز نہیں کر سکتی ۔ آدم ملک

پشاور ۔ ۲ مئی (اے پی پی) انڈونیشی وزیر خارجہ ڈاکٹر آدم ملک نے بتایا ہے کہ صدر بھٹو سے ان کی بات چیت بے حد مفید رہی اور وہ پوری طرح مطمئن ہیں۔ انہوں نے آج پشاور میں جہاں وہ مختصر دورے پر آئے تھے اخبار والوں کو یہ بات بتائی۔ انہوں نے گزشتہ رات ایک ضیافت میں جو سیاسی امور کے وزیر جناب غلام مصطفےٰ جتوئی نے ان کے اعزاز میں اسلام آباد میں دی تھی تقریر کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو پاکستان کے جنگی قیدی جلد واپس کر دینے چاہئیں۔ بھارت کو تاریخی حقائق نظر انداز نہیں کرنے چاہئیں وہ پاکستان کے نوے ہزار فوجیوں کو جنگی قیدی بنا کر رکھنے سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکے گا۔ بھارت جتنی جلدی جنگی قیدی واپس کر دے گا، اتنا ہی بہتر ہو گا۔ اور برصغیر میں امن کو تقویت ملے گی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں افرادی قوت کی کمی نہیں۔ پاکستان اپنی فوجی نفری بحال کر سکتا ہے۔ اس لئے بھارت کا یہ موقف صحیح نہیں کہ جنگی قیدی واپس کر دیئے گئے تو پاکستان انہیں بھارت کے خلاف استعمال کرے گا۔

یکے از مطبوعات فرینڈز آف پاکستان، رجسٹریشن نمبر ۔ ۲۳۶۸۶۰ سی، پی